سوال

(634) کیا والد اپنی زمین اپنی اولاد کے نام لگوا سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حکومت کے ظالمانہ ٹیکس سے بچنے کے لیے کیا والد اپنی زمین اپنی اولاد کے نام لگوا سکتا ہے جبکہ اولاد میں سے کوئی اعتراض نہ کرے سب کو برابر زمین دی جائے۔ (محمد شکیل، فورٹ عباس)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی کا ٹیکس سے بچنے کی خاطر یا ویسے ہی کسی اور غرض کی خاطر زمین اپنی اولاد کے نام لگوانا اگر کتاب وسنت کے منافی وخلاف ہے تو یہ نام لگوانا ناجائز ہے اور اگر کتاب وسنت کے موافق ہے منافی وخلاف نہیں تو یہ نام لگوانا درست اور جائز ہے۔ اولاد میں سے کوئی اعتراض کرے یا نہ کرے۔ کتاب وسنت کی موافقت ومخالفت کا اعتبار ہے اور جائز و ناجائز میں بھی یہی دونوں چیزیں معیار ہیں۔ ۱۲ ۱۰ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 522

محدث فتویٰ